GT-C3560

موبائل فون
صارف کا رہنما کتابچہ

- آپ کے فون کے سافٹ ویئر یا آپ کے خدمت فراہم کنندہ کی بنیاد پر اس رہنما کتابچہ میں درج کچھ مشمولات میں فرق ہوسکتا ہے۔
- فریق ثالث کی خدمات کبھی بھی ختم کی جاسکتی ہیں یا اس میں رکاوٹ آسکتی ہے، اور سام سنگ اس بات کی کوئی سفارش یا ضمانت نہیں دیتا ہے کہ کوئی مواد یا خدمت کسی مقررہ وقفے میں بدستور دستیاب رہے گی۔
- اس مصنوع میں متعدد مفت/کھلے ذرائع والے سافٹ ویئر شامل ہیں۔لائسنسوں، اعلان دستبرداریوں، اعترافات اور نوٹسز سام سنگ کی ویب سائٹ opensource.samsung.com پردستیاب ہیں۔

www.samsung.com

Printed in Korea
GH68-34394A
Urdu. 06/2011. Rev.1.0

حفاظتی تدابیر

اپنے آپ اور دوسروں کو چوٹ، اور اپنے آلے کو نقصان سے محفوظ رکھنے کے لئے، اپنا آلہ استعمال کرنے سے پہلے مندرجہ ذیل معلومات کا مطالعہ کریں۔

انتبیہ: برقی کرنٹ، آگ اور دھماکوں کی روک تھام کریں

خراب برقی تاریں یا پلگ یا بجلی کے ڈھیلے ساکٹ استعمال نہ کریں

بجلی کی تار کو گیلے ہاتھوں سے نہ چھوئیں، اور نہ ہی چارجر کی تار کھینچ کر اسے غیرمتصل کریں

بجلی کی تار کو نہ موڑیں اور نہ ہی خراب کریں

چارجنگ کے دوران اپنا آلہ نہ استعمال کریں اور نہ ہی آلے کو گیلے ہاتھوں سے چھوئیں

چارجر بیٹری کو شارٹ سرکٹ مت کریں۔

چارجر یا بیٹری کو نہ گرائیں اور نہ ہی اسے جھٹکا دیں

بیٹری کو ایسے چارجروں سے نہ چارج کریں جنہیں بنانے والے نے منظور نہ کیا ہو

اپنے آلے کو طوفان برق باد کے دوران استعمال نہ کریں
آپ کا آلہ خراب طریقے سے کام کرسکتا ہے اور آپ کے برقی جھٹکے کا خطرہ بڑھ جاتا ہے۔

خراب یا لیک کرنے والی لیتھیم آئین (Li-Ion) کو نہ چھوئیں
اپنی Li-Ion کو بحفاظت ضائع کرنے کے لئے، اپنے قریب ترین مجاز خدمت کے مرکز سے رابطہ کریں۔

بیٹریاں اور چارجر احتیاط سے رکھیں اور ضائع کریں
- صرف سام سنگ کی منظور شدہ بیٹریاں اور چارجر استعمال کریں جو آپ کے آلے کے لئے خاص طور پر بنائے گئے ہیں۔ غیرمطابق بیٹریاں اور چارجر شدید چوٹ کا باعث بن سکتے ہیں یا ان کی وجہ سے آپ کے آلے کو نقصان پہنچ سکتا ہے۔
- آلات یا بیٹریوں کو کبھی بھی آگ میں ضائع مت کریں۔ استعمال شدہ بیٹریاں یا آلات کو ٹھکانے لگاتے وقت تمام مقامی قوانین کی پیروی کریں۔
- بیٹریوں یا آلات کو گرم ہونے والے آلات جیسا کہ مائیکروویو اون، چولہے، یا ریڈی ایٹر کے اوپر یا اندر مت رکھیں۔ بیٹریاں زیادہ گرم ہونے پر پھٹ سکتی ہیں۔
- بیٹری کو کبھی مت کچلیں یا پنکچر کریں۔ بیٹری کو بہت زیادہ بیرونی دباؤ کے قریب مت رکھیں، جو اندرونی شارٹ سرکٹ یا گرمی کا باعث بن سکتا ہے۔

آلے، بیٹریوں اور چارجروں کو نقصان سے بچائیں
- اپنے آلے اور بیٹریوں کو بہت زیادہ ٹھنڈے یا بہت زیادہ گرم درجات حرارت سے دور رکھیں۔
- شدید درجات حرارت کی وجہ سے آلے کی شکل بگڑ سکتی ہے اور آپ کے آلے اور بیٹریوں کی چارجنگ کی صلاحیت اور زندگی کم کرسکتی ہے۔
- بیٹریوں کو دھاتی اشیاء سے ٹکرانے سے بچائیں جو آپ کی بیٹریوں کے + اور - ٹرمینل کے درمیان کنکشن بنا کر بیٹری کو عارضی یا مستقل نقصان پہنچا سکتے ہیں۔
- کبھی بھی خراب چارجر یا بیٹری نہ استعمال کریں۔

تنبیہ: اپنے آلے کو محدود علاقوں میں استعمال کرتے وقت تمام حفاظتی تنبیہات اور ضوابط پر عمل کریں

جہاں ممانعت ہو وہاں اپنا آلہ بند کردیں
کسی خاص علاقہ میں موبائل آلے کے استعمال کو ممنوع قرار دینے والے تمام ضوابط کی پابندی کریں۔

اپنے آلے کو دوسرے الیکٹرانک آلات کے قریب استعمال نہ کریں
زیادہ تر الیکٹرانک آلات ریڈیو فریکوینسی سگنل استعمال کرتے ہیں۔ آپ کا آلہ دوسرے الیکٹرانک آلات کے ساتھ دخل انداز ہوسکتا ہے۔

اپنے آلے کو پیس میکر کے قریب استعمال نہ کریں
- اگر ممکن ہو تو اپنے آلے کو پیس میکر کے 15 سنٹی میٹر کی زد میں استعمال کرنے سے گریز کریں کیونکہ آپ کا آلہ پیس میکر کے ساتھ دخل انداز ہوسکتا ہے۔
- اگر آلہ استعمال کرنا ضروری ہو تو پیس میکر سے کم از کم 15 سنٹی میٹر کا فاصلہ رکھیں۔
- پیس میکر کے ساتھ ممکنہ مداخلت کو کم سے کم کرنے کے لئے آلے کو اپنے جسم کے اس حصے پر استعمال کریں جس پر پیس میکر نہ ہو۔

اپنے آلے کو ہسپتال میں یا طبی آلات کے قریب نہ استعمال کریں جن میں ریڈیو فریکوینسی کی وجہ سے مداخلت ہو
اگر آپ بذات خود کوئی طبی آلہ استعمال کرتے ہوں تو اپنے آلے کے ریڈیو فریکوینسی سے تحفظ کو یقینی بنانے کے لئے آلہ بنانے والے سے رابطہ کریں۔

اگر آپ آلہ سماعت استعمال کرتے ہیں تو ریڈیو مداخلت کے متعلق معلومات کے لئے بنانے والے سے رابطہ کریں
آپ کے آلے کی ریڈیو فریکوینسی کی وجہ سے کچھ آلات سماعت میں مداخلت ہوسکتی ہے۔ اپنے آلہ سماعت کے تحفظ کو یقینی بنانے کے لئے بنانے والے سے رابطہ کریں۔

ممکنہ دھماکہ خیز ماحولوں میں آلہ آف کر دیں
- بیٹری نکالنے کے بجائے ممکنہ دھماکہ خیز ماحولوں میں آلہ آف کردیں۔
- ممکنہ دھماکہ خیز ماحولوں میں ہمیشہ ضوابط، ہدایات اور اشاروں پر عمل کریں۔
- آپ اپنے آلے کا استعمال نہ کریں ایندھن ڈالنے والی جگہ (سروس سٹیشن)، قریب ایندھن یا کیمیکل ، اور دھماکے کے علاقوں میں۔
- آلہ، اس کے حصوں یا لوازمات کو آتش گیر مائعات، گیسوں یا دھماکہ خیز مواد کے ساتھ ذخیرہ نہ کریں اور نہ ہی ان کے قریب لے کر جائیں۔

طیارے میں اپنا آلہ بند کردیں
طیارے میں اپنا آلہ استعمال کرنا غیرقانونی ہے۔ آپ کا آلہ طیارے کے الیکٹرانک نیویگیشن کے آلات کے ساتھ دخل انداز ہوسکتا ہے۔

آپ کے آلے کی ریڈیو فریکوینسی کی وجہ سے گاڑی کے الیکٹرانک آلات میں خرابی پیدا ہوسکتی ہے
آپ کے آلے کی ریڈیو فریکوینسی کی وجہ سے آپ کی گاڑی کے الیکٹرانک آلات میں خرابی پیدا ہوسکتی ہے۔ مزید معلومات کے لئے بنانے والے سے رابطہ کریں۔

گاڑی استعمال کرتے ہوئے موبائل آلات کے استعمال کے متعلق تمام حفاظتی تنبیہات اور ضوابط پر عمل کریں

گاڑی چلانے کے دوران، آپ کی اولین ذمہ داری گاڑی کو بحفاظت چلانا ہے۔ اگر قانون اس کی ممانعت کرے تو گاڑی چلانے کے دوران کبھی بھی اپنا موبائل فون استعمال نہ کریں۔ اپنی اور دوسروں کی حفاظت کے لئے عام عقل و فہم کا مظاہرہ کریں اور مندرجہ ذیل ٹوٹکوں کو یاد رکھیں:
- ہینڈزفری آلہ استعمال کریں۔
- اپنے آلے اور اس کے سہولیاتی فیچر، جیسے کہ فوری ڈائل اور دوبارہ ڈائل، کو جانیں۔ ان فیچروں کی وجہ سے اپنے موبائل آلے سے کال کرنے یا کال موصول کرنے کے لئے درکار وقت میں کمی واقعی ہوتی ہے۔
- اپنے آلے کو پہنچ میں رکھیں۔ راستے سے نظریں ہٹائے بغیر اپنے وائرلیس آلے تک رسائی کو ممکن بنائیں۔ اگر کسی غلط وقت پر کال آجائے تو اپنے وائس میل کو اس کا جواب دینے دیں۔
- آپ جس شخص سے بات کررہے ہیں، اسے اپنے گاڑی چلانے کے متعلق آگاہ کریں۔ ٹریفک یا خطرناک موسمی صورت حالوں میں کالوں کو معطل کردیں۔ بارش، برف، برف و باراں خطرناک ہوسکتے ہیں۔
- نوٹس نہ لیں اور نہ ہی فون نمبر تلاش کریں۔ «اہم کام» کی فہرست بنانے یا اپنے ایڈریس بک میں گھومنے سے بحفاظت گاڑی چلانے کی بنیادی ذمہ داری سے دھیان بٹ جاتا ہے۔
- سمجھداری کے ساتھ نمبر ڈائل کریں اور ٹریفک کی جانچ کریں۔ جب آپ ساکن ہوں یا ٹریفک میں نکلنے سے قبل کال کریں۔ کالوں کی منصوبہ بندی اس وقت کرنے کی کوشش کریں جب آپ کی گاڑی ساکن ہو۔ اگر آپ کو کال کرنے کی ضرورت پیش آئے تو صرف چند نمبر ہی ڈائل کریں، راستے اور اپنے شیشوں کی پڑتال کریں پھر جاری رہیں۔
- دباؤ پیدا کرنے والے یا جذباتی گفتگو سے پرہیز کریں جس سے آپ کا دھیان بٹ سکے۔ آپ جن افراد سے بات کررہے ہیں، انہیں آگاہ کریں کہ آپ گاڑی چلا رہے ہیں اور ایسی گفتگو معطل کردیں جو آپ کے دھیان کو راستے سے ہٹاسکتے ہیں۔
- مدد کے لئے اپنے آلے سے کال کریں۔ آگ، ٹریفک کے حادثات یا طبی ہنگامی صورت حالوں کی صورت میں مقامی ہنگامی نمبر ڈائل کریں۔
- ہنگامی صورت حالوں میں دوسروں کی مدد کے لئے اپنا آلہ استعمال کریں۔ اگر آپ کو گاڑیوں کا حادثہ، کسی جرم، یا کوئی ایسی ہنگامی صورت حال کا تجربہ ہو جہاں جانوں کو خطرہ ہو، تو کسی مقامی ہنگامی نمبر پر کال کریں۔
- ضرورت پڑنے پر سڑک کے ساتھ مدد یا کوئی خصوصی غیرہنگامی مدد کے نمبر پر کال کریں۔ اگر آپ کو کوئی ٹوٹی پھوٹی گاڑی جس سے شدید خطرہ نہ ہو، کسی ٹریفک سگنل کی خلاف ورزی، غیرمعمولی ٹریفک کا حادثہ جس میں کسی کو چوٹ نہ لگی ہو، یا کوئی ایسی گاڑی نظر آئے جس کے چوری ہونے کا علم ہو تو راستے کے ساتھ کی مدد یا کسی دوسرے خصوصی غیرہنگامی نمبر پر کال کریں۔

اپنے موبائل آلے کی درست دیکھ بھال اور استعمال

اپنے آلے کو خشک رکھیں
- ہوا میں نمی اور تمام اقسام کی مائعات سے آلے کے حصے یا الیکٹرانک سرکٹ کو نقصان پہنچ سکتا ہے۔
- گیلا ہونے پر، اپنے آلے کو آن کئے بغیر بیٹری نکال دیں۔ آلے کو تولیے سے پونچھ کر اسے خدمت کے مرکز پر لے جائیں۔
- مائعات سے آلے کے اندر پانی کے نقصان کو ظاہر کرنے والے لیبل کا رنگ تبدیل ہوجائے گا۔ آپ کے آلے کو پانی سے ہونے والے نقصان کی وجہ سے منصوعہ کار کی وارنٹی ختم ہو سکتی ہے۔

اپنے آلے کو گندے اور گردوغبار والے علاقوں میں استعمال یا ذخیرہ نہ کریں
گرد و غبار سے ممکن ہے کہ آپ کا آلہ درست طور پر کام نہ کرے۔

اپنے آلے کو ڈھلانوں پر ذخیرہ نہ کریں
گرنے پر آپ کے آلے کو نقصان پہنچ سکتا ہے۔

اپنے آلے کو گرم یا ٹھنڈے علاقوں میں ذخیرہ نہ کریں۔ اپنے آلے کو ‎-20° C‎ یا ‎50° C‎ کے درمیان استعمال کریں
- کسی بند گاڑی کے اندر چھوڑنے پر آپ کا آلہ پھٹ سکتا ہے کہ، کیونکہ اندر کا درجہ حرارت ‎80° C‎ تک پہنچ سکتا ہے۔
- اپنے آلے کو لمبے عرصے کے لئے براہ راست دھوپ میں نہ رکھیں (جیسے کہ گاڑی کے ڈیش بورڈ پر)۔
- بیٹری کو ‎0° C‎ سے ‎40° C‎ کے درمیان ذخیرہ کریں۔

اپنے آلے کو سکوں، چابیوں یا گلے کے ہاروں جیسے دھاتی اشیاء کے ساتھ ذخیرہ نہ کریں۔
- آپ کے آلے کی شکل بدل سکتی ہے یا ممکن ہے کہ وہ درست طور پر کام نہ کرے۔
- اگر بیٹری کے ٹرمینل دھاتی اشیاء کے ساتھ رابطے میں آئیں تو آگ لگ سکتی ہے۔

اپنے آلے کو مقناطیسی فیلڈوں کے قریب ذخیرہ نہ کریں
- ممکن ہے کہ آپ کا آلہ درست طور پر کام نہ کرے یا بیٹری مقناطیسی فیلڈز کے ساتھ لمس کی وجہ سے ڈسچارج ہوجائے۔
- مقناطیسی اسٹرائپ کے کارڈ، جس میں کریڈٹ کارڈ، فون کے کارڈ، پاس بکس اور بورڈنگ پاس شامل ہیں، مقناطیسی فیلڈز کی وجہ سے خراب ہوسکتے ہیں۔
- کیس یا لوازمات کو مقناطیسی اشیاء کے ساتھ ملا کر مت لے جائیں اور نہ ہی لمبے عرصے تک اپنے آلے کو مقناطیسی اشیاء سے ٹکرانے دیں۔

اپنے آلے کو ہیٹر، مائیکروویو، گرم چولہے کا آلہ یا اعلی دباؤ کے ڈبوں کے قریب یا ان کے اندر نہ رکھیں
- بیٹری لیک ہوسکتی ہے۔
- آپ کا آلہ بہت زیادہ گرم ہو کر آگ کا باعث بن سکتا ہے۔

اپنے آلے کو نہ تو گرائیں اور نہ ہی اس کے ساتھ کسی چیز کو ٹکرائیں
- آپ کے آلے کی اسکرین کو نقصان پہنچ سکتا ہے۔
- مڑنے یا شکل کی تبدیلی پر آپ کے آلے کو نقصان پہنچ سکتا ہے یا ممکن ہے کہ اس کے پرزے درست طور پر کام نہ کریں۔


لوگوں یا جانوروں کی آنکھوں کے قریب فلیش استعمال نہ کریں
آنکھوں کے قریب فلیش استعمال کرنے سے بصارت کا عارضی نقصان یا آنکھوں کو نقصان پہنچ سکتا ہے۔

بیٹری اور چارجر کی زیادہ سے زیادہ مدت کو یقینی بنائیں
- بیٹریوں کو ایک ہفتے سے زیادہ کے لئے چارج نہ کریں کیونکہ زیادہ چارج کرنے سے بیٹری کی زندگی میں کمی واقع ہوسکتی ہے۔
- وقت کے ساتھ ساتھ استعمال نہ ہونے والی بیٹریاں ڈسچارج ہو جاتی ہیں اور انھیں استعمال سے قبل چارج کرنے کی ضرورت پڑتی ہے۔
- جب استعمال نہ ہو رہے ہوں تو چارجر بجلی سے منقطع کر دیں۔
- بیٹریوں کو صرف ان کے مطلوبہ مقاصد کے لیے استعمال کریں۔

بنانے والے کے منظور کردہ بیٹریاں، چارجر، اسیسریاں اور سامان استعمال کریں
- عمومی بیٹریاں یا چارجر کے استعمال سے ممکن ہے کہ آپ کے آلے کی زندگی کم ہوجائے یا آلہ درست طور پر کام نہ کرے۔
- ایسی اسیسریاں یا سامان استعمال کرنے کے دوران، جنہیں سام سنگ نے منظور نہ کیا ہو، سام سنگ صارف کے تحفظ کے لئے ذمہ داری قبول نہیں کرسکتا ہے۔

آلے یا بیٹری کو نہ تو کاٹیں اور نہ ہی چوسیں
- ایسا کرنے سے آلے کو نقصان پہنچ سکتا ہے یا دھماکہ ہوسکتا ہے۔
- اگر بچے آلہ استعمال کرتے ہوں تو یقین کرلیں کہ وہ آلے کو درست طور پر استعمال کریں۔

آلہ پر بات کرنے کے دوران:
- آلے کو سیدھا پکڑیں، اسی طرح حس طرح آپ کسی روایتی فون کو پکڑتے ہیں۔
- ماؤتہ پیس میں براہ راست بولیں۔
- اپنے آلے کے اندرونی انٹینا کے ساتھ جڑنے سے پرہیز کریں۔ اینٹیٹا چھونے سے ممکن ہے کہ کال کی کوالٹی خراب ہو یا آلہ ضرورت سے زیادہ ریڈیو فریکوینسی کی ترسیل کرے۔



- اپنے آلے کو آہستہ سے پکڑیں، کلیدوں کو آرام سے دبائیں، ایسے فیچر استعمال کریں جن میں کم کلیدیں دبانے کی ضرورت ہو (جیسے کہ ٹیمپلیٹس اور پیش گوئی متن) اور وقفے لیتے رہیں۔

اپنی سماعت کو بچائیں



- زیادہ دیر تک اونچے والیوم پر آوازیں سننے سے آپ کی سماعت کو نقصان پہنچ سکتا ہے۔
- گاڑی چلاتے وقت زیادہ اونچے والیوم پر آوازیں سننے سے آپ کا دھیان بٹ سکتا ہے اور یہ حادثات کا باعث بن سکتا ہے۔
- ائیر فون کو کسی آڈیو کے ذریعے میں لگانے سے پہلے ہمیشہ آواز کم کردیں اور اپنی گفتگو یا موسیقی سننے کے لئے کم سے کم ضروری آواز کی سیٹنگ ہی استعمال کریں۔

چلتے ہوئے یا حرکت کرتے ہوئے آلہ استعمال کرتے وقت احتیاط سے کام لیں
اپنے آپ کو اور دوسروں کو چوٹوں سے بچانے کے لئے اپنے ماحول سے ہمیشہ باخبر رہیں۔

اپنے آلے کو اپنی پچھلی جیبوں یا اپنی قمر کے گرد نہ رکھیں۔
گرنے کی صورت میں آپ کو چوٹ لگ سکتی ہے یا آلے کو نقصان پہنچ سکتا ہے۔

اپنے آلے کو علیحدہ نہ کریں، تبدیل نہ کریں یا اس کی مرمت نہ کریں
- آپ کے آلے میں تبدیلیوں کی وجہ سے منصوعہ کار کی وارنٹی ختم ہو سکتی ہے۔ مرمت کے لئے اپنے آلے کو سام سنگ خدمت کے مرکز پر لے جائیں۔
- بیٹری کو علیحدہ نہ کریں اور نہ ہی اس میں سوراخ کریں کیونکہ یہ دھماکے یا آگ کا باعث بن سکتا ہے۔

اپنے آلے پر اسٹیکرز نہ پینٹ کریں اور نہ ہی لگائیں
پینٹ اور اسٹیکرز حرکت کرنے والے اجزاء میں رکاوٹ پیدا کرسکتے ہیں اور صحیح طریقے سے کام کرنے کو روک سکتے ہیں۔ اگر آپ کو پینٹ یا دوسرے معدنی اجزاء سے الرجی ہے تو، آپ کے کی جلد پر خارش، اگزیما، یا سوجن ہوسکتی ہے۔ جب یہ ہو تو، مصنوعہ استعمال کرنا روک دیں اور اپنے معالج سے مشورہ کریں۔

آلہ صاف کرنے کے دوران:
- اپنے آلے یا چارجر کو تولیے یا ربڑ سے پونچھیں۔
- بیٹری کے ٹرمینلوں کو روئی یا تولیے سے صاف کریں۔
- کیمیائی مواد یا ڈیٹرجنٹ کا استعمال نہ کریں۔

اسکرین میں دراڑ پڑنے یا ٹوٹنے کی صورت میں آلہ استعمال نہ کریں
ٹوٹی ہوئی کانچ یا ایکرلک کی وجہ سے آپ کے ہاتھوں یا چہرے کو چوٹ لگ سکتی ہے۔ مرمت کے لئے اپنے آلے کو سام سنگ خدمت کے مرکز پر لے جائیں۔

آلے کو اس کے مطلوبہ مقصد کے علاوہ کسی بھی مقصد کے لئے استعمال نہ کریں

سب کے سامنے آلہ استعمال کرنے کے دوران دوسروں کو تنگ کرنے سے گریز کریں

بچوں کو اپنا آلہ نہ استعمال کرنے دیں
آپ کا آلہ کھلونا نہیں ہے۔ اپنے بچوں کو اس کے ساتھ نہ کھیلنے دیں کیونکہ وہ خود کو اور دوسروں کو چوٹ پہنچا سکتے ہیں، آلے کو نقصان پہنچا سکتے ہیں یا کالیں کرسکتے ہیں جن کی وجہ سے آپ پر اخراجات لاگو ہوں۔

موبائل فون اور آلات کی احتیاط سے تنصیب کریں
- یقینی بنائیں کہ موبائل آلہ یا آپ کی گاڑی میں نصب شدہ متعلقہ آلہ بحفاظت لگایا گیا ہے۔
- اپنے آلے اور لوازمات کو ائیر بیگ کھل جانے کے علاقے کے قریب یا اس میں رکھنے سے گریز کریں۔ ائیر بیگ کے تیزی سے بھرنے پر غیر مناسب انداز میں تنصیب شدہ وائر لیس آلات شدید چوٹ کا باعث بن سکتے ہیں۔

صرف اہل افراد کو ہی اپنے آلے کی سروس کرنے کی اجازت دیں
نااہل افراد کو اپنے آلے کی سروس کروانے کی اجازت دینے سے آپ کے آلے کو نقصان پہنچنے کے علاوہ وارنٹی بھی ختم ہو جائے گی۔

سم کارڈ اور میموری کارڈ احتیاط سے استعمال کریں
- میموری کارڈ کو معلومات کی منتقلی اور رسائی کے دوران مت ہٹائیں کیونکہ یہ ڈیٹا ضائع ہونے کا باعث بن سکتا ہے اور/یا کارڈ یا آلے کو نقصان پہنچا سکتا ہے۔
- کارڈوں کو سخت جھٹکوں، ساکن بجلی، اور دیگر آلات کے برقی شور سے بچائیں۔
- سنہری رنگ کے رابطوں یا ٹرمینل کو انگلیوں یا دھاتی آبجیکٹ سے مت چھوئیں۔ گندا ہونے کی صورت میں کارڈ کو نرم کپڑے سے پونچھیں۔

ایمرجنسی سروس تک رسائی کو یقینی بنائیں
ہو سکتا ہے کچھ علاقوں یا حالات میں آپ کے آلے سے ایمرجنسی کال کرنا ممکن نہ ہو۔ دور دراز یا غیر ترقی یافتہ علاقوں میں سفر کرنے سے قبل ایمرجنسی خدمت کے افراد سے رابطہ کرنے کے متبادل طریقے کی منصوبہ بندی ضرور کریں۔

یقینی طور پر اہم ڈیٹا کا بیک اپ کریں
ڈیٹا غائب ہونے کے لیے سام سنگ ذمہ دار نہیں ہے۔

اختصاصی جذب شرح (SAR) تصدیقی معلومات

آپ کا آلہ ریڈیو اور ٹیلی کمیونیکیشن آلات کی خارج کردہ ریڈیو فریکوینسی کے ساتھ انسانی ایکسپوزر کو محدود کرنے والے یورپی یونین (EU) کے معیارات کے مطابق ہے۔ یہ معیارات 2.0 W/kg سے زیادہ اکسپوژر کی سطح (جسے اختصاصی جذب شرح یا SAR بھی کہا جاتا ہے) سے تجاوز کرنے والے موبائل آلات کے فروخت کی روک تھام کرتے ہیں۔
جانچ کے دوران، اس ماڈل کے لئے زیادہ سے زیادہ ریکارڈ کردہ SAR 0,592 W/kg تھا۔عام استعمال میں اصل SAR کے اس سے بہت کم ہونے کا امکان ہے کیونکہ فون صرف نزدیکی مرکزی سٹیشن تک سگنل جاری کرنے کے لئے ضروری RF انرجی خارج کرنے کے لئے ڈیزائن کیا جاتا ہے۔ جہاں ممکن ہو وہاں خودبخود کم سطح جاری کرکے آپ کا آلہ RF توانائی کے ساتھ آپ کے سامنے کو کم کردیتا ہے۔
SAR اور متعلقہ یوروپی یونین معیارات کے متعلق مزید معلومات کے لئے سام سنگ کی ویب سائٹ ملاحظہ کریں۔

اس مصنوعہ کو صحیح طور پر ضائع کرنے کا طریقہ

(برقی زیاں & الیکٹرانک آلات)
(یورپی یونین اور علیحدہ اکٹھا کرنے کے نظام رکھنے والے دیگر یوروپی ممالک میں قابل اطلاق)
مصنوعے، اسیسریاں یا اس کے لٹریچر پر دکھایا گیا یہ نشان اس بات کی نشان دہی کرتا ہے کہ اس مصنوعے اور اس کے الیٹرانک لوازمات (جیسے کہ چارجر، ہیڈسیٹ، USB کیبل) اسے گھر کی دوسری اشیاء کے ساتھ مدت استعمال ختم ہونے پر ضائع نہیں کیا جانا چاہیئے۔
غیر کنٹرول شدہ زیاں ٹھکانے لگانے سے ماحول یا انسانی صحت کو پہنچنے والے نقصان سے بچاؤ کے لئے اس کو دیگر زیاں کی اقسام سے الگ کرلیں اور ذمہ داری سے ریسائیکل کریں تاکہ مادی وسائل کے دوبارہ پائیدار استعمال کو فروغ دیا جاسکے۔
گھریلو صارفین کو اس مصنوعہ کی محفوظ ریسائیکلنگ سے متعلق تفصیلات کے لئے، اس مصنوعہ کے خوردہ فروشوں، جہاں سے انھوں نے اس مصنوعہ کو خرید تھا، یا اپنے مقامی حکومتی دفتر سے رابطہ کریں۔
کاروباری صارفین اپنے مہیا کاروں سے رابطہ کریں اور خریداری معاہدہ میں درج شرائط و ضوابط کی پڑتال کریں۔ اس مصنوعے اور اس کے الیکٹرانک لوازمات کو دیگر تجارتی زیاں کے ساتھ نہیں ملانا چاہیئے۔

اس مصنوعے کی بیٹریوں کی درست نکاسی


(یورپی یونین اور علیحدہ بیٹری کی واپسی کے نظامات رکھنے والے یوروپی ممالک میں قابل اطلاق)
بیٹری، ہدایت نامہ یا پیکیجنگ پر یہ نشان اس بات کو ظاہرکرتا ہے کہ اس مصنوعے کی بیٹریوں کو ان کی زندگی کے بعد دوسرے گھریلو فضلہ کے ساتھ نہیں پھینکنا چاہئیے۔
جہاں نشان لگایا گیا ہو، وہاں کیمیائی علامات Hg. Cd یا Pb اس بات کو ظاہر کرتے ہیں کہ اس بیٹری میں EC کے ڈائریکٹیو 2006/66 کے حوالے کی سطحوں سے زیادہ سیماب، کیڈمیم یا سیسہ شامل ہیں۔ اگر بیٹری کی درست طور پر نکاسی نہ کی گئی تو یہ مواد انسانی صحت یا ماحول کو نقصان پہنچاسکتے ہیں۔
قدرتی وسائل کی حفاظت اور مواد کے دوبارہ استعمال کرنے کے عمل کو فروغ دینے کے لئے، برائے مہربانی بیٹریوں کو دوسرے قسم کے فضلے سے الگ کردیں اور انہیں اپنی مقامی، مفت بیٹری کی واپسی کے نظام کے ذریعے دوبارہ استعمال کے قابل بنائیں۔

دستبرداری

کچھ اجزا اور خدمات جن تک اس آلے کے ذریعے رسائی کی جاسکتی ہے، تیسرے فریقین کی ملکیت ہیں اور کاپی رائٹ، پیٹنٹ، ٹریڈمارک اور/یا دوسرے عاقلانہ ملکیت کے قوانین کے تحت محفوظ کئے گئے ہیں۔ ایسے اجزا اور خدمات صرف آپ کے ذاتی غیرتجارتی استعمال کے لئے فراہم کئے گئے ہیں۔ آپ ان اجزا یا خدمات کو کسی ایسے طریقے سے استعمال نہیں کرسکتے ہیں جس کی اجازت اجزا کے مالک یا خدمت فراہم کنندہ نے نہ دی ہو۔ مندرجہ بالا کو محدود کئے بغیر، علاوہ اس کے کہ قابل اطلاق اجزا کے مالک یا خدمت فراہم کنندہ نے واضح طور پر اس کی اجازت دی ہو، آپ اس آلے کے ذریعے ظاہر کردہ اجزا یا خدمت کو تبدیل نہیں کرسکتے ہیں، نقل نہیں کرسکتے ہیں، دوبارہ شائع نہیں کرسکتے ہیں، اپ لوڈ نہیں کرسکتے ہیں، پوسٹ نہیں کرسکتے ہیں، ترسیل نہیں کرسکتے ہیں، ترجمہ نہیں کرسکتے ہیں، فروخت نہیں کرسکتے ہیں، اس پر مبنی دوسرے اجزا نہیں بناسکتے ہیں، فائدہ نہیں اٹھا سکتے ہیں، اور نہ ہی کسی طریقے یا ذریعے سے تقسیم کرسکتے ہیں
تیسرے فریق کے اجزا اور خدمات جیسے ہیں کی بنیاد پر فراہم کئے گئے ہیں سام سنگ کسی بھی مقصد کے لئے اس طرح سے فراہم کردہ اجزا یا خدمات کی ضمانت نہیں دیتا، چاہے وہ واضح کررہ ہوں یا اخذ کردہ۔ سام سنگ واضح طور پر کسی بھی اخذ کردہ ضمانتوں کو دستبردار کرتا ہے، جس میں قابل فروخت ہونے یا کسی بھی خاص مقصد کے لئے موزونیت شامل ہے، لیکن یہ ان تک محدود نہیں۔ سام سنگ اس آلے کے ذریعے فراہم کردہ اجزا یا خدمت کی درستگی، جائز ہونے، بروقت ہونے کی، قانونیت یا مکمن ہونے کی ضمانت نہیں دیتا ہے، اور کسی بھی صورت حال میں، جس میں بے دھیانی شامل ہے، سام سنگ آپ کے یا کسی تیسرے فریق کے کسی بھی اجزا یا خدمت کے نتیجے میں یا اس میں شامل کسی بھی معلومات کے نتیجے میں یا اس سلسلے میں کسی بھی بلاواسطہ، بالواسطہ، ضمنی، خاص یا نتیجتا ہونے والے نقصانات کا، معاہدے کے طور پر یا ہرجانے کے طور پر، ذمہ دار نہیں ہوگا، حتی کہ اسے ان نقصانات کے امکان کی اطلاع دے دی گئی ہو۔»
تیسرے فریق کی خدمات کسی بھی وقت منقطع یا دخل انداز ہوسکتی ہیں اور سام سنگ کسی بھی اجزا یا خدمت کے کسی بھی مدت کے لئے دستیابی کے سلسلے میں کسی بھی قسم کی نمائندگی نہ کرتا اور ضمانت نہیں دیتا ہے۔ تیسرے فریقین نیٹورک اور ترسیل کی سہولیات کے ذریعے اجزا اور خدمات کی ترسیل کرتے ہیں جس پر سام سنگ کا کوئی کنٹرول نہیں۔ اس دستبرداری کی عمومیت کو محدود کئے بغیر سام سنگ اس آلے کے ذریعے دستیاب ہونے والے کسی بھی اجزا یا خدمت میں مداخلت یا معطلی کے لئے کسی بھی قسم کی ذمہ داری قبول نہیں کرتا ہے۔
سام سنگ اجزا اور خدمات سے تعلق رکھنے والے خریدار کی خدمت کے لئے ذمہ دار نہیں ہے۔ اجزا یا خدمات سے تعلق رکھنے والی خدمت کے متعلق سوال یا درخواست کو براہ راست متعلقہ اجزا اور خدمت فراہم کنندگان سے رجوع کرنے کی ضرورت ہے۔

CE 0168

فون کا خاکہ



1. **4 اطراف میں حرکت کرنے کے لیے بٹن**
مینیو آپشنز میں حرکت کیجئے؛ بے عمل طرز میں استعمال کنندہ کے متعین کردہ مینیوز تک رسائی حاصل کیجئے؛ جعلی کال کیجئے (نیچے)
"جعلی کالز کیجئے" دیکھیں
آپ کے خدمات مہیا کرنے والے کی بنیاد پر آپ کی ڈیفالٹ ہوم سکرین اور پہلے سے متعین شدہ مینیوز مختلف ہوسکتے ہیں

2. **موسیقی کا بٹن**
بے عمل طرز میں، میوزک لائبریری سکرین استعمال کریں

3. **ڈائل کرنے والے بٹن**
کوئی کال کریں یا کسی کال کا جواب دیں، بے عمل طرز میں، اپنی کالوں اور پیغامات کا ریکارڈ حاصل کریں

4. **وائس میل خدمت کا بٹن**
بے عمل طرز میں وائس میلز تک رسائی حاصل کیجئے (دبائیں اور دبا کر رکھیں)

5. **سافٹ بٹن**
ڈسپلے کے نچلے حصے میں دکھائے گئے افعال انجام دیں

6. **کیمرہ بٹن**
بے عمل طرز میں، کیمرہ آن کریں؛ کیمرے کی طرز میں، تصویر لیں یا ویڈیو ریکارڈ کریں

7. **توثیقی بٹن**
نمایاں کیے ہوئے مینیو آپشن کو منتخب کیجئے یا اِن پُٹ کی تصدیق کیجئے؛ بے عمل طرز میں مینیو موڈ تک رسائی حاصل کیجئے
آپ کے خدمات مہیا کرنے والے یا علاقہ کی بنیاد پر یہ بٹن مختلف طرح سے کام کرسکتا ہے

8. **پاور/ختم کیجئے بٹن**
فون کو چالو اور بند کریں(دبائیں اور دباکررکھیں)؛ کال ختم کریں؛ مینیو طرز میں اِن پُٹ کو منسوخ کریں اور بے عمل طرز میں واپس جائیں

9. **واپس/حذف کرنے والا بٹن**
حرفوں کو حذف کریں یا پچھلی سطح پر واپس جائیں

10. **لفظ اور ہندسوں والا بٹن**

11. **خاموش پروفائل بٹن**
بے عمل طرز میں کی پیڈ کو مقفل یا غیر مقفل کریں (دبائیں اور دبا کر رکھیں)


سکرین کے اوپر آپ کا فون مندرجہ ذیل سٹیٹس انڈیکیٹرز دکھاتا ہے:

آئیکن	تفصیل
	سگنل کی مضبوطی
	GPRS نیٹورک جڑا ہوا ہے
	EDGE نیٹورک جڑا ہوا ہے
	کال جاری ہے
	کال کا رخ موڑنا فعال کر دیا گیا
	الارم فعال کر دیا گیا
	محفوظ ویب صفحہ سے رابطہ ہو رہا ہے
	ایف ایم ریڈیو چالو ہے
	ایف ایم ریڈیو موقوف ہے
	پس منظر میں موسیقی جاری
	پس منظر میں موسیقی موقوف


آئیکن	تفصیل
	رومنگ (عام خدمت کے علاقے کے باہر)
	بلوٹوتھ فعال کر دیا گیا
	کمپیوٹر کے ساتھ موافقت پذیری
	نیا ٹیکسٹ پیغام (ایس ایم ایس)
	نیا ملٹی میڈیا پیغام (ایم ایم ایس)
	نیا ای میل پیغام
	نیا وائس میل پیغام
	میموری کارڈ داخل کیا گیا
	نارمل پروفائل فعال ہوگیا
	خاموش پروفائل فعال ہوگیا
	بیٹری طاقت کی سطح
10:00	موجودہ وقت

سِم کارڈ اور بیٹری داخل کریں

1. پچھلا کور ہٹائیے اور سِم کارڈ داخل کریں۔



2. بیٹری داخل کریں اور پچھلا کور دوبارہ لگادیں۔



بیٹری چارج کریں

1. فراہم کیا ہوا سفری اڈاپٹر لگائیں۔
2. جب چارج پورا ہو جائے تو سفری اڈاپٹر نکال دیں۔




- سفری اڈاپٹرنکالنے سے پہلے بیٹری نہ نکالیں۔ ایسا کرنے سے فون کو نقصان پہنچ سکتا ہے۔
- توانائی بچانے کے لیے، استعمال نہ ہونے پر سفری اڈاپٹر کو نکال دیں۔ سفری اڈاپٹر میں پاور سوئچ نہیں ہے، لہٰذا پاور سپلائی کو روکنے کے لیے آؤٹ لٹ سے سفری اڈاپٹر کو ضرور نکال دیں۔ استعمال کے وقت سفری اڈاپٹر کو ساکٹ کے قریب ہونا چاہیے۔

میموری کارڈ (اختیاری) داخل کریں

آپکا فون مائکروSD™ یا مائکروSDHC™ میموری کارڈ 16 جی بی تک قبول کرتا ہے (اسکا انحصار میموری کارڈ کے صانع اور اسکی قسم پر ہوتا ہے)۔

- اپنے میموری کارڈ کوکمپیوٹر پر فارمیٹ کرنے سے یہ آپ کے فون کیلئے غیر موافق بن سکتا ہے۔ میموری کارڈ کو صرف فون پر فارمیٹ کریں۔
- اکثر ڈیٹا تحریر کرنے اور مٹانے سے میموری کارڈوں کی زندگی کم ہو جائے گی۔

1. پچھلا کور ہٹائیں۔
2. میموری کارڈ کو اس طرح داخل کریں کہ جڑنے والے سنہرے مقام کا رخ نیچے کی طرف ہو۔



3. کارڈ کو میموری کارڈ کے خانے میں دھکیلیں تاوقتیکہ وہ اپنی جگہ پر لاک ہو جائے۔
4. پچھلا کوردوبارہ رکھیں۔

ہدایتی آئیکنز

	نوٹ: نوٹس، ٹوٹکے کا استعمال، یا اضافی معلومات
←	**اس کے بعد:** ختیارات یا مینیو کی ترتیب جسے آپ کوئی مرحلہ سرانجام دینے کے لیے منتخب کرتے ہیں؛ مثلاً: بے عمل طرز میں، انتخاب **پیغامات** ← **پیغام تخلیق کریں** (تمائندگی کرتا ہے **پیغامات**, اس کے بعد **پیغام تخلیق کریں**)
[ ]	**مربع نما بریکٹس:** فون کے بٹن؛ مثال کے طور پر: [ ] (پاور/ اختتامی بٹن کو دکھاتا ہے)
< >	**زاویہ نما بریکٹس:** سافٹ بٹن جو کہ ہر سکرین پر مختلف افعال کو کنٹرول کرتے ہیں؛ مثال کے طور پر: **<ٹھیک ہے>** (دکھاتا ہے **ٹھیک ہے** سافٹ بٹن کو)

اپنے فون کو آن یا آف کریں

اپنے فون کو آن کرنے کے لیے،

1. دبائیں اور دباکررکھیں [ ].
2. اپنا پن داخل کریں اور انتخاب **<ٹھیک>** (اگر ضروری ہو)۔

اپنا فون بند کرنے کے لیے اوپر دیا گیا پہلا قدم دہرائیے۔

مینیوز تک رسائی حاصل کیجئے

اپنے آلے کے اطلاقات تک رسائی کے لئے،

1. بے عمل طرز میں مینیو طرز میں جانے کیلئے، دبائیں **<مینیو>**۔

اپنے علاقہ یا خدمات مہیا کرنے والے کے مطابق آپ کو مینیو طرز تک رسائی کے لیے تصدیقی بٹن دبانے کی ضرورت پڑ سکتی ہے۔ جب آپ اسمارٹ بوم سکرین استعمال کر رہے ہوں تو آپ مینیو طرز تک رسائی کے لیے تصدیقی بٹن استعمال نہیں کرسکتے۔

2. کسی مینیو یا آپشن پر جانے کے لیے حرکت والا بٹن استعمال کیجئے۔
3. دبائیں **<منتخب>**، **<محفوظ>**، یا نمایاں کیے ہوئے آپشن کی تصدیق کے لیے تصدیقی بٹن۔
4. دبائیں**<واپس>** ایک لیول اوپر جانے کے لیے؛ دبائیں [ ] بے عمل طرز میں واپس جانے کے لیے۔

- جب آپ کسی ایسے مینیو میں پہنچیں جو پن 2 طلب کررہا ہو، تو آپ کیلئے سم کارڈ کے ساتھ فراہم کیا جانے والا پن 2 درج کرنا ضروری ہے۔ تفصیلات کے لئے اپنے خدمت فراہم کنندہ سے رابطہ کریں۔
- سام سنگ غیرقانونی سافٹ وئیر کی وجہ سے ہونے والے پاس ورڈ یا نجی معلومات کے زیان یا دوسرے نقصانات کا ذمہ دار نہیں ہے۔

کال کریں

1. بے عمل طرز میں ایک علاقائی کوڈ اور ایک فون نمبر درج کیجئے۔
2. دبائیں [ ] نمبر ڈائل کرنے کے لیے۔
3. کال ختم کرنے کے لیے [ ] دبائیں۔

کال کا جواب دیں

1. جب کال آئے تو [ ] دبائیں۔
2. کال ختم کرنے کے لیے [ ] دبائیں۔

والیوم موافق کریں

رنگ ٹون کے والیوم موافق کریں

1. مینیو طرز میں، انتخاب **سیٹنگز** ← **ساؤنڈ پروفائلز**۔
2. اس پروفائل پر جائیں جس کو آپ استعمال کر رہے ہیں۔

اگر آپ خاموش یا آف لائن پروفائل استعمال کر رہے ہیں تو آپ کو رنگ ٹون کا والیوم درست کرنے کی اجازت نہیں ہے۔

3. دبائیں **<تبدیلی>** ← **والیوم**۔
4. جائیں **کال الرٹ**۔
5. والیوم کی سطح درست کرنے کے لیے بائیں یا دائیں جائیں اور دبائیں **<محفوظ>**۔

کال کے دوران آواز کا والیوم درست کرنے کے لیے

جب کال جاری ہو تو والیوم درست کرنے کے لیے حرکت والا بٹن اوپر یا نیچے کو دبائیں۔

شور و غل کے ماحول میں آپ کو اسپیکرفون کی خصوصیت استعمال کرتے ہوئے کال سننے میں دشواری ہوسکتی ہے۔ بہتر صوتی کارکردگی کے لئے عام فون طرز استعمال کریں۔

اپنی رنگ ٹون تبدیل کریں

1. مینیو طرز میں، انتخاب **سیٹنگز** ← **ساؤنڈ پروفائلز**۔
2. اس پروفائل پر جائیں جس کو آپ استعمال کر رہے ہیں۔

اگر آپ خاموش یا آف لائن پروفائل استعمال کر رہے ہیں تو آپ کو رنگ ٹون کا والیوم درست کرنے کی اجازت نہیں ہے۔

3. دبائیں **<تبدیلی>** ← **وائس کال رنگ ٹون**۔
4. میموری کا مقام انتخاب (اگر ضروری ہو)۔
5. کوئی رنگ ٹون انتخاب۔

دوسرے پروفائل پر جانے کے لیے اسے فہرست سے منتخب کیجئے۔

حالیہ ڈائل شدہ نمبر پر کال کیجئے۔

1. بے عمل طرزمیں، دبائیں [ ]۔
2. کال کی قسم کیلئے دائیں یا بائیں حرکت کریں۔
3. کسی نمبر یا نام پر جانے کے لیے اوپر یا نیچے جائیں۔
4. کال کی تفصیلات دیکھنے کے لیے تصدیقی بٹن دبائیں یا [ ] نمبر ڈائل کرنے کے لیے۔

اسمارٹ بوم سکرین استعمال کیجئے

سمارٹ سکرین آپ کو اطلاقات، رابطوں، اور کیلنڈر واقعات تک رسائی یا بے عمل طرز میں گھڑی دیکھنے میں مدد کرتا ہے۔

جب آپ اسمارٹ بوم سکرین استعمال کر رہے ہوں تو حرکت والا بٹن تیز راہیں کے طور کام نہیں کرتا۔

اسمارٹ بوم اسکرین میں آئیٹمز شامل کرنے کے لئے

1. مینیو طرز میں، انتخاب **سیٹنگز** ← **ڈسپلے** ← **اسمارٹ بوم**۔
2. دبائیں **<تبدیلی>**۔
3. اسمارٹ بوم سکرین پر دیکھنے کے لیے اشیاء منتخب کیجئے۔ تیز راہیں ٹول بار کے لیے آپ اپنی مرضی کےمطابق تیز راہیں شامل یا حذف کرسکتے ہیں۔ دبائیں **<آپشنز>** ← **تیز راہیں تدوین کریں**۔
4. دبائیں **<آپشنز>** ← **محفوظ**
5. تصدیقی بٹن دبائیں۔

آپ غیر فعال سکرین کو کسی اور وضع میں تبدیل کر سکتے ہیں۔ مینیو موڈ میں، منتخب کریں **سیٹنگز** ← **ڈسپلے** ← **اسمارٹ بوم** اور اپنی مرضی کے سٹائل پر جانے کے لیے دائیں یا بائیں جائیں۔

اسمارٹ بوم اشیاء تک رسائی کے لیے

اسمارٹ بوم سکرین پر اشیاء میں حرکت کرنے کے لیے حرکت والا بٹن دبائیں اور ایک شئے کو منتخب کرنے کے لیے تصدیقی بٹن دبائیں۔

متن داخل کریں

متن درج کرنے کا طرز تبدیل کرنے کے لیے

- T9 اور ABC طرز کے درمیان تبادلے کیلئے [#] کو دبا کررکھیں۔ آپ کے علاقہ کی بنیاد پر آپ اپنی مخصوص زبان کے لیے اندراج کے طرز تک رسائی حاصل کرنے کے قابل ہوسکتے ہیں۔
- کیس تبدیل کرنے یا نمبر والے طرز پر جانے کے لیے [#] دبائیں۔
- علامات والے موڈ پر جانے کے لیے [*] دبائیں۔
- اندراج کا طرز منتخب کرنے یا اندراج کی زبان تبدیل کرنے کے لیے [*] دبائیں اور دبا کر رکھیے۔

T9 طرز

1. مکمل لفظ درج کرنے کے لیے مناسب حروف مع عدد والا بٹن دبائیں۔
2. جب لفظ صحیح طور پر ڈسپلے ہو جائے تو، خالی جگہ شامل کرنے کیلئے [0] دبائیں۔ اگر درست لفظ ڈسپلے نہ ہو تو دکھائی جانے والی فہرست سے متبادل لفظ منتخب کریں۔

ABC طرز

مناسب عدد وحرف والے بٹن کو اس وقت تک دبا کر رکھیں جب تک وہ لفظ اسکرین پر ظاہر نہ ہو جسے آپ درج کرنا چاہتے ہیں۔

نمبروالا طرز

نمبر درج کرنے کے لیے مناسب عدد وحرف والے بٹن دبائیں۔

علامات والا طرز

علامت درج کرنے کے لیے مناسب عدد وحرف والے بٹن دبائیں۔

متن درج کرنے کی دیگر خصوصیات استعمال کرنے کے لیے

- کر سر کو حرکت دینے کے لیے نیویگیشن بٹن دبائیں۔
- الفاظ کو ایک ایک کر کے مٹانے کے لیے [C] دبائیں۔ حروف کو فوراً مٹانے کیلئے[C] کو دبا کررکھیں۔
- الفاظ کے درمیان خالی جگہ دینے کے لیے [0] دبائیں۔
- لائن تبدیل کرنے کے لیے [0] کو تین بار دبائیں۔
- علامات وقف درج کرنے کے لیے [1] دبائیں۔

نیا رابطہ درج کیجئے

نیا رابطہ محفوظ کرنے کے لیے مقام کا تعین آپ کے خدمات مہیا کرنے والے کے مطابق پہلے سے متعین ہو سکتا ہے۔ میموری کا مقام تبدیل کرنے کے لیے، مینیو طرز میں، منتخب کریں **رابطے** ← **<آپشنز>** ← **سیٹنگز** ← **محفوظ کرنے کی جگہ** ← میموری کا مقام۔

1. بے عمل طرز میں، میں فون نمبر درج کریں اور **<آپشنز>** دبائیں۔
2. انتخاب **کانٹیکٹس کا اضافہ کریں** ← **نیا کانٹیکٹ درج کریں** ← میموری کا مقام (اگر ضروری ہو)
3. نمبر کی ایک قسم انتخاب کریں (اگر ضروری ہو)۔
4. رابطے کی معلومات درج کریں۔
5. رابطہ کو میموری میں شامل کرنے کے لیے تصدیقی بٹن دبائیں یا **<آپشنز>** ← **محفوظ** دبائیں۔

پیغامات بھیجیں اور دیکھیں

متنی یا ملٹی میڈیا پیغام بھیجنے کیلئے

1. مینیو موڈ میں، انتخاب **پیغامات** ← **پیغام تخلیق کریں**
2. موصول کنندہ کا نمبر درج کریں اور نیچے جائیں۔
3. اپنے پیغام کا متن درج کریں۔ *دیکھیں "متن درج کرنا۔"*
متنی پیغام کے طور پر بھیجنے کے لیے اسے چھوڑ کرقدم 5 پر جائیں۔
ملٹی میڈیا منسلک کرنے کے لے قدم 4 کے ساتھ جاری رکھیے۔
4. دبائیں **<آپشنز>** ← **ملٹی میڈیا پیغام کا اضافہ کریں** اور کسی آئٹم کا اضافہ کریں۔
5. پیغام بھیجنے کے لیے تصدیقی بٹن دبائیں۔

متن یا ملٹی میڈیا پیغام دیکھنے کے لئے

1. مینیو موڈ میں، منتخب کریں **پیغامات** ← **ان باکس**۔
2. متن یا ملٹی میڈیا پیغام دیکھیں۔

جعلی کالز کریں

جب آپ اجلاس یا ان چاہی بات چیت سے باہر نکلنا چاہیں تو آپ ایک جعلی کال فعال کرسکتے ہیں۔

جعلی کال کی خصوصیت کو فعال کرنے کے لیے

مینیو طرز میں منتخب کریں **سیٹنگز** ← **کال** ← **جعلی کال** ← **نقلی کال کی ہاٹ کیی**۔

جعلی کال کرنے کے لیے

بے عمل طرز میں، حرکت والے بٹن کو نیچے دبا کر رکھیں۔

موبائل ٹریکر فعال کریں

جب بھی کوئی آپ کے فون میں نیا سم کارڈ لگاتا ہے تو، موبائل ٹریکر آپ کے فون کو تلاش کرنے اور بازیافت کرنے میں مدد فراہم کرنے کے لئے خودبخود رابطے کا نمبر دو وصول کنندگان کو بھیجے گا۔ موبائل ٹریکر فعال کریں،

1. مینیو طرز میں، منتخب کریں **سیٹنگز** ← **سیکیورٹی** ← **موبائل ٹریکر**۔
2. اپنا پاس ورڈ داخل کریں اوردبائیں **<ٹھیک>**۔

جب آپ پہلی بار **موبائل ٹریکر** کا استعمال کرتے ہیں تو آپ سے ایک پاسورڈ بنانے اور اس کی تصدیق کرنے کیلئے کہا جائے گا۔

3. موبائل ٹریکر خصوصیات چالو کرنے کے لیے تصدیقی بٹن دبائیں۔
4. نیچے جائیں اور موصول کنندگان کی فہرست کھولنے کےلیے تصدیقی بٹن دبائیں۔
5. اپنے رابطے کی فہرست کھولنے کیلئے دبائیں **<آپشنز>** ← **رابطے**۔
آپ فون نمبر بشمول ملکی کوڈ(+ کے ساتھ) بھی وصول کنندگان کی فہرست میں درج کر سکتے ہیں۔ قدم 9 پر جائیں۔
6. ایک رابطہ منتخب کریں۔
7. ایک نمبر منتخب کریں(اگر ضروری ہو)۔
8. جب آپ رابطوں کو منتخب کرنا مکمل کرلیں تو، دبائیں **<محفوظ>**۔
9. وصول کنندگان کو محفوظ کے لیے تصدیقی بٹن دبائیں۔
10. نیچے جائیں اور مرسل کا نام درج کریں۔
11. تصدیقی بٹن ← **<قبول>** دبائیں۔

کیمر ہ استعمال کریں

تصاویراتارنے کے لیے

1. بے عمل طرزمیں، کیمر ہ چالو کرنے کیلئے دبائیں [ ]۔
2. ارضی منظر کے لیے موبائل کو گھڑی کی مخالف سمت میں گھمائیں۔
3. کسی مطلوبہ چیز پر مرکوز کریں اوردیگر موافقت بنائیں۔
4. تصویر لینے کیلئے تصدیقی بٹن یا [ ] دبائیں۔
تصویر خود بخود محفوظ ہو جاتی ہے۔

تصاویر دیکھنے کے لیے

مینیو طرز میں **میری فائلیں** ← **تصو یر** ← کوئی تصویرفائل منتخب کریں۔

ویڈیوز ریکارڈ کرنے کے لیے

1. بے عمل طرزمیں، کیمر ہ چالو کرنے کیلئے دبائیں [ ]۔
2. ارضی منظر کے لیے موبائل کو گھڑی کی مخالف سمت میں گھمائیں۔
3. دبائیں [1] کیم کورڈر پر تبدیل کرنے کے لئے۔
4. کسی مطلوبہ چیز پر مرکوز کریں اوردیگر موافقت بنائیں۔
5. ریکارڈنگ شروع کرنے کیلئے تصدیقی بٹن یا [ ] دبائیں۔
6. ریکارڈنگ روکنے کیلئے **<روکیں>** یا [ ] دبائیں۔
ویڈیو خود بخود محفوظ کی جاتی ہے۔

ویڈیوز دیکھنے کے لیے

مینیو طرز میں منتخب کریں **میری فائلیں** ← **ویڈیوز** ← کوئی ویڈیو فائل

موسیقی سنیں

1. بے عمل طرزمیں، دبائیں [ ].
2. منتخب کریں کسی موسیقی کا زمرہ ← موسیقی کی فائل۔
3. واپس چلائیں کو کنٹرول کرنے کے لئے درج ذیل کلیدیں استعمال کریں:

بٹن	فنکشن
تصدیق	پلے بیک کو روکیں یا دوبارہ چلائیں
نیویگیشن	• بائیں: پیچھے جائیں؛ کسی فائل میں واپس اسکین کریں (دبا کررکھیں) • دائیں: آگے اچٹیں؛ کسی فائل میں آگے اسکین کریں (ٹیپ کریں اور دبا کر رکھیں) • اوپر/نیچے: والیوم موافق کریں
1	موجودہ ٹریک کی درجہ بندی کریں
2	آواز کا اثر منتخب کریں
3	دہرانے کا طرز تبدیل کریں
4	متحرک طرزفعل یا بے عمل کریں

ایف ایم ریڈیو سنیں

1. فون میں ہیڈسیٹ لگائیں۔
2. مینیو موڈ میں، منتخب کریں **Apps** ← **ایف ایم ریڈیو**۔
3. ایف ایم ریڈیو شروع کرنے کیلئے تصدیقی بٹن دبائیں۔
4. خودکار ٹیوننگ شروع کرنے کیلئے **<ہاں>** دبائیں۔
ریڈیو دستیاب سٹیشن خود بخود سکین اور محفوظ کرتا ہے۔

پہلی دفعہ ایف ایم ریڈیو شروع کرنے پر آپ کو خودکار ٹیوننگ شروع کرنے کی ترغیب دی جائے گی۔

5. ایف ایم ریڈیو کو کنٹرول کرنے کے لئے درج ذیل بٹنوں کا استعمال کریں:

بٹن	فنکشن
تصدیق	ایف ایم ریڈیوکو آن یا آف کریں
نیویگیشن	• بائیں/دائیں: فریکیونسی کو فائن ٹیون کریں؛ کسی دستیاب ریڈیو سٹیشن کی تلاش کریں (دبا کررکھیں) • اوپر/نیچے: والیوم موافق کریں

الارم متعین کرنا اور استعمال کرنا

نیا الارم متعین کرنے کے لئے

1. مینیو طرز میں، منتخب کریں **الارمز** یا پھر منتخب کریں **آ ر گنا نز ر** ← **الارم**۔
2. دبائیں **<تخلیق>**۔
3. الارم کی تفصیلات متعین کریں۔
4. **<محفوظ>** یا تصدیقی بٹن دبائیں۔

کسی الارم کو بند کرنے کے لئے

جب الارم بجے،

- الارم روکنے کیلئے **<یقین دہانی>** یا توثیق بٹن دبائیں۔
- الارم کومخصوص وقفے تک خاموش کرنے کے لئے **سنوز** دبائیں۔

کسی الارم کو بے عمل کرنے کے لئے

1. مینیو طرز میں، منتخب کریں **الارمز** یا پھر منتخب کریں **آ ر گنا نز ر** ← **الارم**۔
2. اس الارم پر جائیں جسے آپ بے عمل کرنا چاہتے ہیں۔
3. دبائیں **<آپشنز>** ← **الارم بے عمل کریں**۔